AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 06 October 2026
Time : 12:30 PM

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجازہ اختر

وزیراعلیٰ

جموں وکشمیر حکومت نے یونیورسل سروس آبلیگیشن فنڈ کے تحت دوردراز اور پسماندہ علاقوں میں موبائیل سروسز کی تنصیب کیلئے زمین فراہم کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ کے ذریعے وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کہاہے کہ یہ موبائیل سروسز اوڑی، ٹنگمرگ، کرناہ، کالاکوٹ، کرالہ پورہ، بسنت گڑھ، کھور، لٹی مروٹھی اور دیگر کئی دوردراز علاقوں میں قائم کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد جموں وکشمیر کے دوردراز اور سرحدی علاقوں میں تیز رفتار ٹیلی کام سہولیات کو وسعت دیناہے۔ جس سے آن لائن تعلیم، ای گورننس خدمات اور ہنگامی مواصلات تک رسائی بہتر ہوگی جبکہ ڈیجیٹل ڈیوائڈ کم کرنے میں مدد حاصل ہوگی۔

ایل جی وفد

جموں وکشمیر کے سابق وزیر سکھ نندن چودھری نے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی، جس دوران انہوں نے کئی موضوعات پر تبادلہ خیال کیا۔

دریں اثناء انڈین فارسٹ سروس کے 2024 بیچ کے افسران کے ایک گروپ نے بھی ایل جی سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران انہوں نے جموں وکشمیر میں اپنے فیلڈ تجربات اور ماحولیاتی وترقیاتی اقدامات سے ایل جی کو آگاہ کیا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے اُن کے کامیاب اور موئثر مستقبل کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں وکشمیر میں روڑسیفٹی ایکشن پلان کی عمل آوری اور نفاذ کا جائزہ لیا۔روڑسیفٹی سے متعلق ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے چیف سیکریٹری نے بلیک سپاٹس اورانتہائی خراب سڑکوں کی بروقت مرمت کی ہدایت دی۔

میٹنگ میں جانکاری دی گئی کہ **2024** میں ایک ہزار **90** کے مقابلے میں رواں سال ستمبر تک سڑک حادثات میں ہلاکتوں کی تعداد گھٹ کر **756** ہوگئی ہے۔ جبکہ حادثات کی تعداد بھی **5** ہزار **808** سے کم ہو کر **4** ہزار **222** ہوئی ہے۔چیف سیکریٹری ضلعی روڑسیفٹی کمیٹیوں کو ماہانہ جائزہ لینے اور حادثات کی روکتھام میں تیزی لانے کی اہمیت پرزوردیا۔

مندیپ کور

محکمہ ہاؤسنگ اور دیہی ترقی کی کمشنرسیکریٹری مندیپ کور نے بارہمولہ میں امرت دوم کے تحت بارہمولہ، سوپوراورپٹن کے مجوزہ GIS ماسٹر پلانز سے متعلق ایک میٹنگ کی صدارت کی۔
میٹنگ کے دوران عوامی نمائندوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز نے شہری ترقی، سڑکوں، بنیادی سہولیات، ٹریفک اور زمین کے استعمال سے متعلق تجاویز پیش کیں۔کمشنر موصوف نے **21** دن کے اندر تجاویز جمع کرانے کی ہدایت دی۔

عالمی دن

آج Cerebral Palsy سے تحفظ اور بیداری کا عالمی دن ہے،اس دن کا مقصد اس بیماری سے متعلق عوامی شعور اجاگر کرنا ہے۔اس سلسلے میں دنیا بھر کے ساتھ ساتھ ملک بھر میں کئی بیداری پروگرام اور سمیناروں کا انعقاد کیا جارہا ہے۔
ماہرین صحت کے مطابق بروقت تشخیص اور فوری طبی امداد سے اس بیماری کی پیچیدگیوں اور معذوری کے خطرے کو کم کیا جاسکتا ہے۔

کشمیر یونیورسٹی

کشمیر یونیورسٹی کے شعبہ بایو ریسورسز نے بریسٹ اور دیگر سرطان بیماریوں سے متعلق تین روزہ تیسری جے اینڈ کے انٹرنیشنل کانفرنس کا آغاز کیا۔

کانفرنس میں ماہرین جدید تحقیق، ابتدائی تشخیص، امیونوتھراپی، مصنوعی ذہانت اور ذاتی نوعیت کے علاج پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں۔ اس موقع پر بریسٹ کینسر اسکریننگ کیمپ بھی منعقد جا رہا ہے۔

پنچایت پلان

محکمہ دیہی ترقی و پنچایتی راج جموں وکشمیر نے ضلع انتظامیہ کپواڑہ کے اشتراک سے وِکست گرام پنچایت پلان کے موضوع پر ایک روزہ ورکشاپ منعقد کیا۔

ورکشاپ میں پنچایت سطح پر شراکتی منصوبہ بندی، گرام سبھا کی اہمیت، ترقیاتی کاموں کے مؤثر نفاذ اور مختلف محکموں کے درمیان بہتر تال میل پر زور دیا گیا۔

موسم

محکمہ موسمیات کی ایک اطلاع کے مطابق جموں وکشمیر میں آج سے 10 اکتوبر تک بالائی علاقوں میں ہلکی برفباری اور بارش کا امکان ہے۔

اس دوران گرج چمک کے ساتھ ساتھ تیز ہوائیں اور کئی مقامات پر بارش بھی متوقع ہے جبکہ محکمہ نے 11 سے 15 اکتوبر تک موسم جزوی طور پر ابر آلود رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ نے باغ مالکان سے سیب اور دھان کو محفوظ رکھنے کی بھی ہدایت دی ہے۔

طیارہ حادثہ

نائجیریا میں ایک فوجی طیارہ گر کر حادثے کا شکار ہوگیا ہے جس میں 25 مسافر اور 7 عملے کے ارکان سوار تھے۔ نائجیریا کے صدر بولا ٹینوبو نے تصدیق کی ہے کہ اس حادثے میں سبھی 32 افراد مارے گئے ہیں۔

سروے

نیشنل سٹیٹسٹک آفیسر وزراتی سٹیٹسٹک اینڈ پروگرام امپلی مینٹیشن نے ملک بھر میں ہاوس ہولڈ ٹراول رجحانات سے پہلی آل انڈیا سروے رپورٹ جاری کی ہے۔سروے میں تقریباً چار لاکھ **92** ہزار خاندانوں سے معلومات حاصل کی گیئں۔

رپورٹ کے مطابق کام پر جانے والے کارکنوں میں تقریبا **42** فیصد دو پہیا گاڑیوں کا استعمال پایا گیا جبکہ ماہانہ اوسط سفری خرچ **785** روپے ہیں۔شہری کارکنوں کا خرچ ایک ہزار **44** روپے اور دیہی کارکنوں کا خرچ **612** روپے ماہانہ پایا گیا ہے۔

ڈی سی کپوارہ

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ شری کانت سوسے نے **BHS** نتنوسہ میں انٹر ڈسٹرکٹ یو ٹی لیول انڈر **19** بوائز والی بال چیمپئن شپ کا افتتاح کیا۔

اس چیمپئن شپ میں جموں وکشمیر کے تمام 20 اضلاع کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔محکمہ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس کے زیر اہتمام ٹورنامنٹ کے پہلے میچ میں کپواڑہ کا مقابلہ بانڈی پورہ سے ہوا۔

کرکٹ

بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان 5 ٹی 20 بین الاقوامی کرکٹ میچوں کی سیریز کا پہلا مقابلہ آج شام 7 بجے لکھنو میں ہوگا۔سیریز کے اگلے چار میچز اندور،حیدر آباد اور بینگلورو میں کھیلے جائیں گے۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ